عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★

روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ

ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان

ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران

رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353

قیمت: 15 روپے

جلد نمبر 21 | بروز منگل 13 اکتوبر 2026ء/ 30 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 195

وفاق کے پاس خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا تھا، اسحاق ڈار

افغان سرزمین سے ہونیوالی دہشتگردی کسی صورت قابل قبول نہیں، اگر افغان طالبان دہشتگردوں کیخلاف کارروائی نہیں کرتے تو ایک دن انہیں خود بھی اسے بھگتنا پڑے گا، سیمینار سے خطاب

پاکستان دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم، بھارت پاکستان میں دہشت گردی کی پشت پناہی میں ملوث ہے خطے اور دنیا کیلئے سب سے بڑا چیلنج دہشت گردی ہے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگانا آسان نہیں تھا، وفاقی حکومت کے پاس ایمرجنسی کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا تھا، دھرنوں اور احتجاج کے باعث معیشت کو بہت نقصان پہنچتا ہے جبکہ پاکستان کا افغانستان سے صرف ایک ہی مطالبہ ہے کہ افغان سرزمین ہمارے خلاف استعمال نہ ہو، اگر افغان طالبان دہشتگردوں کیخلاف کارروائی نہیں کرتے (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

گلگت بلتستان میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی میں غیر معمولی اضافے کا فیصلہ

سکیورٹی شرائط کی خلاف ورزی پر متعلقہ این او سی منسوخ کرنے کی ہدایت جاری

گلگت (جی این ایم) گلگت بلتستان میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی غیر معمولی طور پر سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جبکہ سکیورٹی شرائط کی خلاف ورزی پر متعلقہ این او سی منسوخ کرنے کی ہدایت بھی جاری کردی گئی ہے۔ انسپکٹر (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

زبانی کلامی کسی کو آف لوڈ نہیں کیا جاسکے گا، ایف آئی اے امیگریشن کا نیا اسٹینڈنگ آرڈر جاری

2005 کا اسٹینڈنگ آرڈر منسوخ، اسٹینڈنگ آرڈر نمبر 07/2026 فوری طور پر نافذ العمل ہوگا

کراچی (جی این ایم) ایف آئی اے امیگریشن نے ملک بھر میں ائیر پورٹس، سی پورٹس اور ڈرائی پورٹس کیلئے 12 صفحات پر مشتمل قابل ستائش نیا اسٹینڈنگ آرڈر جاری کردیا ہے جس کے تحت ایف آئی اے کی جانب سے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

کوئٹہ، پولیس ناکے پر فائرنگ، کانسٹیبل نعمان شہید، اہلکاروں سمیت 4 افراد زخمی

پولیس کے اشارے پر گاڑی نہ روکنے پر ملزمان کی فائرنگ، ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری، ترجمان پولیس

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں جوائنٹ روڈ پر سیٹلائٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف جنگ لڑ کر دنیا کو محفوظ بنایا، عطا اللہ

افغانستان میں 20 ہزار سے زائد شدت پسند موجود، کالعدم ٹی ٹی پی کے چھ ہزار سے زائد جنگجو افغان سرزمین پر پناہ لئے ہوئے ہیں، افغان رجیم صرف ظلم و بربریت پر یقین رکھتی ہے

افغانستان میں انتہا پسندی اور شدت پسندی کے خاتمے کا خواہاں ہے اور خطے میں امن و استحکام کیلئے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا، وزیر اطلاعات کا کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف جنگ لڑ کر دنیا کو محفوظ بنایا، افغانستان میں 20 ہزار سے زائد شدت پسند موجود ہیں جبکہ کالعدم ٹی ٹی پی کے چھ ہزار سے زائد جنگجو افغان سرزمین پر پناہ لئے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)



اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار آئی ایس ایس آئی کے زیر اہتمام منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

خیبر پختونخواہ میں دہشتگردی کیخلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری رکھنے کا فیصلہ

عوام کی تعلیم، صحت اور معیار زندگی سے متعلق مسائل پر خصوصی توجہ دی جائے گی؛ اپیکس کمیٹی اجلاس کا اعلامیہ

پشاور (جی این ایم) صوبہ خیبر پختونخواہ میں انتظامی و عسکری ڈھانچے کو متحرک کرنے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے ہیں، جن کے تحت دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

مذاکرات کے تمام راستے بند ہونے کے بعد مشکل آئینی قدم اٹھایا گیا، محسن نقوی

خیبر پختونخوا نے دہشت گردی کا بھاری بوجھ برداشت کیا ہے اور وہاں سکیورٹی فورسز اور عام شہریوں نے بے مثال قربانیاں پیش کی ہیں

وفاقی حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا کی بھرپور حمایت کرے گی، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ سینیٹر محسن نقوی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت اور اس کے اتحادیوں نے خیبر پختونخوا حکومت اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی قیادت کے ساتھ پارلیمانی رابطوں، براہِ راست بات چیت اور بیک چینل ڈپلومیسی سمیت ہر ممکن (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے بعد پی ٹی آئی کے 254 کارکن گرفتار

مختلف علاقوں میں پولیس کے چھاپے جاری، ضلع بھر میں بھاری نفری تعینات

صوابی (جی این ایم) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد ضلع صوابی میں پولیس نے کریک ڈان تیز کردیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ضلع بھر میں پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (کے اب تک 169 کارکنوں کو گرفتار کیا جاچکا ہے، جبکہ مختلف علاقوں (باقی صفحہ 2 نمبر 6)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف ایف بی آر میں اصلاحات کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

تین سال میں 1.3 ٹریلین روپے اضافی ٹیکس وصول کیا گیا، وزیراعظم

وزیراعظم نے رضاکارانہ طور پر نگرانی کا نظام نصب کرنے والی صنعتوں کے اقدامات کو سراہتے ہوئے متعلقہ وزارت کو دیگر پیداواری شعبوں میں بھی نظام کا آڈٹ کرنے کی ہدایت کی

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پیداواری سیکٹر کے تمام شعبوں میں سیلز ٹیکس کیلئے پیداوار کی نگرانی رواں برس کے اختتام تک مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صارف سے ٹیکس وصول کرکے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروبار کسی رعایت کے مستحق نہیں، ٹیکس کی مکمل استعداد کے حصول کیلئے تمام تر ضروری اقدامات اٹھائیں گے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ایف بی آر کی اصلاحات پر جائزہ اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزرا اعظم نذیر تارڑ، ڈاکٹر مصدق ملک، احد خان چیمہ، شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، مشیر وزیراعظم ہارون اختر اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو پیداواری شعبے میں ٹیکس نگرانی کے نظام پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ چینی، سیمنٹ، تمباکو، ٹائلز اور کھاد کے شعبوں میں نظام مکمل طور پر نصب کیا جاچکا ہے۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ ٹیکسٹائلز، پیکیجڈ پانی، پیکیجڈ جوس اور پیکیجڈ دودھ کے شعبے میں نگرانی کا نظام نصب کیا جارہا ہے اور اس کے لئے آلات کی (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

کوئٹہ، پاک فوج کا تربیتی طیارہ حادثے کا شکار، 2 پائلٹ شہید

شہدا میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد اور زیرِ تربیت پائلٹ کیپٹن عبدالصمد شامل، وزیراعلیٰ بلوچستان کا حادثے پر افسوس کا اظہار

میجر حسنین شہزاد اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت ناقابلِ تلافی قومی نقصان ہے، ردکھ کی اس مشکل گھڑی میں وہ سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (جی این ایم) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب پاک فوج کا ایک زیرِ تربیت مشاق طیارہ تکنیکی خرابی کے باعث حادثے کا شکار ہوگیا ہے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری کردہ تفصیلات کے مطابق اس ناگہانی حادثے کے نتیجے میں طیارے میں سوار دونوں پائلٹس نے جامِ شہادت نوش کیا۔ شہدا میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد اور زیرِ تربیت (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

عالمی بینک کی 2022 سے اب تک تقریباً 3.2 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری

نجی سرمایہ کاری چار سالوں میں 35 ارب ڈالر سے بڑھ کر مالی سال 2026 میں 112 ارب ڈالر تک پہنچ گئی

اسلام آباد (جی این ایم) عالمی بینک نے سال 2022 سے اب تک پاکستان میں معاشی استحکام کیلئے تقریباً 3.2 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے۔ عالمی بینک گروپ کی جانب سے جاری نئے اعلامیے کے مطابق، ادارے نے سال 2022 سے لے کر اب تک پاکستان میں (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

پاکستانی معیشت رواں مالی سال 4 فیصد سے زائد ترقی کریگی، وزیر خزانہ

حکومت 5 سے 6 سرکاری اداروں کی نجکاری سے ایک ارب ڈالر سے زائد حاصل کرنے کا ہدف رکھتی ہے

آئی ایم ایف سے پاکستان کو ایک ارب 21 کروڑ ڈالر کی مالی معاونت ملنے کی راہ ہموار ہوگئی، بلوم برگ ٹی وی کو انٹرویو

بنکاک (جی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت رواں مالی سال 4 فیصد سے زائد ترقی کرے گی، جبکہ حکومت 5 سے 6 سرکاری اداروں کی نجکاری سے ایک ارب ڈالر سے زائد حاصل کرنے کا ہدف رکھتی ہے۔ بنکاک میں بلوم برگ ٹی وی کو انٹرویو (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

پاکستان، سپین کے ساتھ دیرینہ دوستانہ تعلقات کو نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، زرداری

اسلام آباد (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سپین کے قومی دن پر شاہ فلپ ششم اور عوام کو مبارکباد دیتے (باقی صفحہ 2 نمبر 33)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی میں اظہارِ خیال کررہے ہیں

پیپلز پارٹی اورن لیگ نے عوام کے مینڈیٹ کو بلڈوز کردیا، شوکت یوسفزئی

عوامی راج ہٹا کر کوئی بھی راج کامیاب نہیں ہوسکتا، مذاکرات سے معاملات طے ہوسکتے تھے، بیان

پشاور (جی این ایم) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اورن لیگ نے عوام کے مینڈیٹ کو بلڈوز کردیا ہے۔ صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے شوکت یوسف زئی نے وفاقی حکومت کے فیصلے کو مسترد کردیا اور کہا کہ عوامی راج ہٹا کر کوئی بھی راج کامیاب نہیں ہوسکتا کیونکہ عوام کے بھاری (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

وزیر خزانہ کی سربراہ ای ایس سی اے پی سے ملاقات، معاشی اصلاحات پر گفتگو

بنکاک (جی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے اقوام متحدہ کے اقتصادی و سماجی کمیشن برائے ایشیا و بحرالکاہل) ای ایس سی اے پی (کی ایگزیکٹو سیکرٹری سے ملاقات کی جس میں پاکستان کی معاشی ترجیحات اور باہمی (باقی صفحہ 2 نمبر 13)



کوئٹہ، گورنر جعفر خان مندوخیل سابق سیشن جج سعادت اللہ خان بازئی سے صوبائی محتسب کے عہدے کا حلف لے رہے ہیں

سکیورٹی فورسز کا بنوں میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، ایک خارجی جہنم واصل

راولپنڈی (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں عزمِ استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں ایک خارجی دہشت گرد کو (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

ایران نے سعودی اور یمن کے درمیان مذاکرات میں سہولت کاری کے لیے آمادگی ظاہر کردی

عباس عراقچی کا سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان سے رابطہ، خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے سیاسی حل پر زور

تہران (جی این ایم) ایران نے سعودی عرب اور یمن کے درمیان مذاکرات شروع کرانے اور سیاسی حل کے حصول کے لیے تعاون کی پیشکش کردی ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سعودی ہم منصب فیصل بن فرحان سے ٹیلی فون پر گفتگو میں زور دیا کہ فوجی کارروائیوں پر اصرار سے علاقائی بحران مزید پیچیدہ ہوگا اور تنازعات کا حل مذاکرات ہی سے ممکن ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

ضلع کیچ میں یومِ نجات کے سلسلے میں ریلی نکالی گئی

تربت (اے این این) ضلع کیچ میں یومِ نجات کے سلسلے میں عوامی حلقوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کی جانب سے کار ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں عوامی حلقوں، سول سوسائٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

کے پی کے حکومت کا خاتمہ ملک دشمنی کے مترادف ہے، پی ٹی آئی کوئٹہ

فارم 47 حکمرانوں کی خوشی جلد غم میں بدلے گی، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (جی این ایم) تحریک انصاف کے رہنما و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی خیبر پختونخوا میں حکومت کو ختم کرنا ملک دشمنی کے سوا کچھ نہیں ہے فارم 47 کے چپڑاسیوں کی خوشی جلد غم میں بدل جائے گی روڈوں پر ڈھول بجانا قابل گرفت اقدام ہے پنجاب نے مشرقی پاکستان بھی تھوڑا اور اب پشتونخواہ اور بلوچستان کو علیحدہ کرنے کی تیاری کی جارہی ہے بیان میں کوئٹہ کا ایک چور ٹریکٹر ڈرائیور ایک کسی کا چپڑاسی روڈوں پر مٹھائیاں تقسیم کرنا اور خوشی کا اظہار (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

پروجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی عبدالسلام مینگل کا نیو ڈیرہ اللہ یار اور منجھو شوری گرڈ اسٹیشنز کا دورہ

بجلی کی ترسیل بہتر بنانے کے لیے جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے، عبدالسلام مینگل کی ہدایت

ڈیرہ مراد جمالی (جی این ایم) پروجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی عبدالسلام مینگل کی سربراہی میں واپڈا اور متعلقہ تکنیکی عملے کے افسران پر مشتمل ٹیم نے نیو 132 کے وی گرڈ اسٹیشن ڈیرہ اللہ یار اور 132/66 کے وی گرڈ اسٹیشن منجھو شوری کا دورہ کیا جہاں جاری کاموں اور مختلف تکنیکی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا دورے کے دوران ایکسین ولی خان کاکڑ، ایکسین اعجاز مری (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

فیض آباد فیڈر سے منسلک تمبو اور خان کوٹ کے متعدد دیہات گزشتہ 4 روز سے بجلی سے محروم

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد اور کیسکو حکام بجلی کی طویل بندش کا فوری نوٹس لے کر بحالی یقینی بنائیں، علاقہ مکین

نصیر آباد (جی این ایم) فیض آباد فیڈر سے منسلک تحصیل تمبو اور تحصیل خان کوٹ کے مختلف دیہات میں گزشتہ 4 روز سے بجلی کی فراہمی مکمل طور پر معطل ہے، جس کے باعث علاقہ مکینوں کی زندگی اجیرن ہو کر رہ گئی ہے۔ متاثرہ علاقوں میں گوٹھ میر شاہنواز عمرانی، گوٹھ میر کرم خان عمرانی، گوٹھ محمد اسماعیل عمرانی اور بچا بند کے ملحقہ دیہات شامل ہیں۔ طویل اور مسلسل بجلی کی بندش کی وجہ سے شدید گرمی کے موسم میں پینے کے پانی کی بھی شدید قلت پیدا ہوچکی ہے اور روزمرہ کے (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

لاہور ہائیکورٹ نے ڈاکٹر عظمیٰ خان کو دل کی ادویات فراہم کرنے کی ہدایت کردی

ڈپٹی کمشنر لاہور، سی سی پی او اور دیگر افسران کو ذاتی حیثیت میں طلب کرنے کی استدعا پر فیصلہ محفوظ

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی بہن ڈاکٹر عظمیٰ خان کو جیل میں دل کی ادویات فراہم کرنے کی ہدایت کردی، جبکہ ڈپٹی کمشنر لاہور، سی سی پی او اور دیگر افسران کو ذاتی حیثیت میں طلب کرنے کی استدعا پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ جسٹس عبہر گل نے ڈاکٹر عظمیٰ خان اور نورین نیازی کی نظر بندی کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کی۔ اس موقع پر درخواست گزاروں کے وکیل رانا مدثر عمر نے استدعا کی کہ ایس پی، سی سی پی او لاہور اور ڈپٹی کمشنر کو ذاتی حیثیت (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

کے پی میں ایمرجنسی دہشتگردی کے خاتمے میں تعاون نہ کرنے پر لگی، سرفراز بگٹی

دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے سیکیورٹی اداروں کو معاونت، قانون سازی اور بیانیے میں تعاون کی ضرورت ہوتی ہے

بلوچستان حکومت وفاق کے ساتھ مل کر دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سرگرمِ عمل ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان کا اسمبلی میں اظہار خیال

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان اسمبلی اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خیبر پختونخوا کی صورتحال پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آئین بنانے والے اکابرین نے آج کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ آرٹیکلز آئین میں شامل کیے تھے، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے حالات کا موازنہ کیا جا رہا ہے، جبکہ کے پی میں ایمرجنسی لا اینڈ آرڈر کی بنیاد پر نہیں بلکہ حکومتی کردار ادا نہ کرنے پر نافذ کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ جماعت نے ہمیشہ دہشت گردی کے خلاف رعایتی پالیسی اپنائی، خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی کے لیے دیے گئے پیسوں سے سوشل میڈیا ٹیم بنائی گئی، دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے سیکیورٹی اداروں کو معاونت، قانون سازی اور بیانیے میں تعاون کی ضرورت ہوتی ہے، مگر بین الاقوامی سطح پر بننے والے ماحول میں وفاق پر حملہ آور ہونے کی باتیں کی (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

ایف بی آر کا انکم ٹیکس گوشواروں میں غلطی پر جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (جی این ایم) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے انکم ٹیکس گوشواروں میں غلط معلومات فراہم کرنے، اثاثے چھپانے اور ریکارڈ میں ردوبدل کرنے والوں (باقی صفحہ 2 نمبر 28)



وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب پاکستان کی طرف سے بارو ورز پلیٹ فارم کی گورننگ کونسل کی صدارت سنبھال رہے ہیں

گورنر راج، خیبر پختونخوا کے ایڈووکیٹ جنرل آفس کے تمام 57 افسران فارغ

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے بعد بیوروکریسی اور پولیس ڈیپارٹمنٹ میں بڑے پیمانے پر اکھاڑ پچھاڑ کے بعد ایڈووکیٹ جنرل آفس کے 57 افسران (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ضرورت ہوئی تو الیکشن تک خیبر پختونخواہ میں گورنر راج نافذ رہے گا، اختیار ولی

اس صوبے میں ہمارا کوئی سیاسی مقصد نہیں، ہمارا مقصد صرف امن اور ترقی ہے؛ وزیراعظم کے معاون خصوصی کی گفتگو

پشاور (جی این ایم) مسلم لیگ ن کے رہنما اور وزیراعظم کے معاونِ خصوصی اختیار ولی نے کہا ہے کہ صوبہ خیبر پختونخواہ میں گورنر راج ضرورت کے مطابق نافذ رہے گا اور اگر انتخابات تک بھی ضرورت پیش آئی تو اس کا نفاذ جاری رکھا جائے گا، تاہم عام انتخابات اپنے مقررہ وقت پر ہوں گے اور ان کی راہ میں کوئی رکاوٹ پیش نہیں آئے گی۔ تفصیلات کے مطابق میڈیا سے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

پی ٹی آئی کے حکمرانوں نے 13 سالہ دور میں عوامی وسائل کا خوب ضائع کیا، امیر مقام

پشاور (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے کشمیر و گلگت بلتستان اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر امیر مقام نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 22)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف ٹیکس کی صلاحیت کا تجزیہ کرنے پر ایف بی آر کی ٹرانسفارمیشن ٹیم کی کاوشوں کو سراہ رہے ہیں

خیبر پختونخواہ کے متعدد اضلاع میں دفعہ 144 نافذ، جلسے جلوسوں پر پابندی عائد

پشاور میں بی آر ٹی سروس معطل، اسکول کالجز بند، ریڈ زون سیل، مختلف مقامات پر کنٹینرز موجود

پشاور (جی این ایم) صوبہ خیبر پختونخواہ میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد صوبائی دارالحکومت پشاور سمیت مختلف اضلاع میں حفاظتی و انتظامی اقدامات کے تحت سخت نوعیت کی پابندیاں عائد کردی گئی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق پشاور میں پبلک ٹرانسپورٹ کا اہم ذریعہ سمجھی جانے والی بی آر ٹی سروس عارضی طور پر معطل کردی گئی ہے، شہر کے حساس علاقوں بالخصوص (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

جمہوری پاکستان کیلئے ہر طرح کے مذاکرات پر تیار ہیں، محمود اچکزئی

ہمیں عمران خان سے ملاقات کی اجازت دیں، ہم لکھ کر دیتے ہیں باہر آکر کچھ نہیں بتائیں گے، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی

مجھے کہتے ہیں محمود خان نہیں ملنا چاہتا، میں ملنا چاہتا ہوں اور ہر جگہ مل لوں گا مگر وزیراعظم ہاؤس اور اسپیکر آفس میں نہیں ملوں گا، پریس کانفرنس

اسلام آباد (جی این ایم) اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ہم جمہوری پاکستان کے لیے ہر طرح کے مذاکرت کے لیے تیار ہیں، ہمیں عمران خان سے ملاقات کی اجازت دیں، ہم لکھ کر دیتے ہیں باہر آکر کچھ نہیں بتائیں گے۔ اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور دیگر رہنماؤں کے ہمراہ پارلیمنٹ کے باہر پریس کانفرنس کرتے ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 23)



پشاور، خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے بعد فیض آباد انٹرچینج سے ایک ماہ بعد کنٹینرز ہٹائے جارہے ہیں

پاکستان اور قطر ثالثی کے لیے کردار ادا کررہے ہیں: اسماعیل بقائی

ایران اور روس کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کی ایک طویل تاریخ موجود ہے

تہران (جی این ایم) ایرانی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی کے لیے پاکستان اور قطر کردار ادا کررہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو میں ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے بتایا کہ ایران اور روس کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کی ایک طویل تاریخ موجود ہے، دونوں ممالک کے درمیان جوہری معاملے پر بھی تعاون رہا ہے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے کہا کہ ایران ہمیشہ دوست اور شراکت دار ممالک کی معاونت اور حمایت (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

فیلڈ مارشل سے برازیلی فوجی وفد کی ملاقات، دفاعی تعاون بڑھانے پر اتفاق

علاقائی سلامتی کی صورتحال اور دفاع و سلامتی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال

جی ایچ کیو آمد پر معزز مہمان کو تینوں مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا، آئی ایس پی ار

راولپنڈی (جی این ایم) برازیل کے اعلیٰ سطح کے وفد نے جی ایچ کیو کا دورہ کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق وفد کی قیادت برازیل کی مسلح افواج کے جوائنٹ چیفس آف سٹاف کے سربراہ ایڈمرل ریناٹو روڈریگز ڈی اگویار فریرے نے کی، وفد کی آرمی چیف، چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات ہوئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق جی ایچ کیو آمد پر معزز (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی نے ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا افتتاح کردیا

اراکین اسمبلی کو قانون سازی اور پارلیمانی امور میں ایک ہی چھت تلے سہولیات میسر آئیں گی، طاہر شاہ کاکڑ

کوئٹہ (جی این ایم) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا افتتاح کردیا، اراکین اسمبلی کو پارلیمانی امور میں معاونت کے لیے یکجا سہولیات فراہم ہوں گی سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ کی اراکین اسمبلی کو مرکز کے اغراض و مقاصد، سہولیات اور خدمات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے پیر کے روز بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ میں قائم ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RNI/0/21/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136823941603327865820
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

کے پی کے اور بلوچستان

ازقلم /// غلام رسول بلوچ

کے پی کے میں گورنر راج کے نفاذ کے بعد حالات کا دھارا کس طرف بہتا ہے یہ قبل از وقت ہوگا۔ کے پی کے میں آمن و امان کی صورتحال کافی خراب تھی دہشت گرد حملے قومی و عسکری املاک پر تواتر سے جاری ہیں افواج پاکستان اور دیگر سیکورٹی ادارے دہشت گردی کے خلاف طویل اور مشکل جنگ لڑ رہے ہیں۔ وہاں کی گورنمنٹ اور ایک سیاسی جماعت کی طرف سے مسلسل احتجاج اور منفی سیاسی طرز عمل کی وجہ سے مسائل پیدا ہو رہے تھے جس کے بعد وفاق نے گورنر راج کے نفاذ کا اعلان کیا۔ صوبے میں ایمرجنسی نافذ کر دی گ ء ہے اور انتظامی طور پر اہم تبدیلیاں بھی دیکھنے میں آئی ہیں۔ اسی طرح بلوچستان میں بھی حالات تشویشناک حد تک خراب ہیں۔ یہاں پر بھی دہشت گردی فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی شکل میں جاری ہے۔ پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے کے لیے بیرونی فنڈڈ دہشت گرد تنظیمیں اور ان کی پراکسیز بلوچستان اور کے پی کے میں مسلسل ریاستی عملداری کو چیلنج کر رہی ہیں۔ ہماری افواج اور دیگر سیکورٹی فورسز کی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قربانیاں اور شہادتیں قابل تحسین اور قابل تکریم ہیں جس پر بجا طور پہ پوری قوم کو فخر ہے۔ پاکستان کے ان دو صوبوں میں حالات زیادہ خراب ہونے کی وجہ سے ہر محب وطن پاکستانی تشویش میں مبتلا ہے۔ قوم کے تعاون سے افواج پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑ رہی ہے اور اس جنگ میں ان کا عزم اور حوصلہ قابل دید ہے۔ سیاسی استحکام اور امن و امان کی بہتر صورتحال سے ہی معاشی استحکام ممکن ہو گا۔ قوم کو اپنے قومی اداروں کی مضبوطی میں اہم کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ ملک سے کرپشن اور سفارشی کلچر کے خاتمے کے بعد ہی حالات بہتری کی طرف گامزن ہونگے۔ قوم کو ان نازک حالات میں اپنے اداروں کا بھرپور ساتھ دینے کی ضرورت ہے۔ ملک میں بیرونی سازشوں کی یلغار ہے اور خطے میں بھی حالات اچھے نہیں ہیں۔ یمن اور سعودیہ کی جنگ کے اثرات لا محالہ پاکستان کو متاثر کر سکتے ہیں۔ پاکستان اور ترکی سعودی عرب کے ساتھ دفاعی معاہدے میں بھی شامل ہیں اور پھر ایران پاکستان کا ایک پڑوسی ملک ہونے کے ساتھ ساتھ یمن کا سب سے بڑا اسپورٹر بھی ہے۔ پاکستان کو ہر قدم پھونک پھونک کر رکھنے کی ضرورت ہے۔ افغانستان سے پاکستان میں دراندازی اور دہشت گرد حملے ناقابل برداشت ہیں۔ افغان سرزمین پر دہشت گردی کے تربیتی مراکز کو پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال کرنا پاکستان کے اندرونی معاملات اور پاکستان کی خود مختاری میں کھلی مداخلت ہے۔ بھارت اور اسرائیل کی مدد سے افغان سرزمین سے دہشت گردی کے تربیتی مراکز سے پاکستان میں دہشت گردی کی جا رہی ہے جس میں افغان افرادی قوت بھی استعمال ہو رہی ہے۔ پاکستان خطے میں اور بالخصوص افغانستان میں امن و استحکام چاہتا ہے۔ پاکستان اپنے پڑوسی ممالک بشمول بھارت کے خلاف بھی جارحانہ عزائم نہیں رکھتا لیکن بلوچستان اور کے پی کے میں دہشت گردی کو کھلی بھارتی سپورٹ اب ناقابل برداشت ہو چکی ہے۔ قوم متحد ہو کر یکجہتی کا مظاہرہ کرے اور ان نامساعد حالات میں اپنے قومی اداروں کی مضبوطی میں اپنا کردار ادا کرے۔ پاکستان اس وقت سیاسی انتشار کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ احتجاج حق ہے لیکن ایسا احتجاج کو جتھوں اور گروہوں و ہجوم کی شکل میں کیا جائے جس سے شر پسند عناصر و دشمن قوتیں فائیدہ اٹھائیں یہ کسی بھی صورت ملک و قوم کے حق میں نہیں۔ حکومت مذاکرات کے ذریعے سیاسی جماعتوں سے بات کر کے بہتر حل نکالنے کی کوشش کرے۔ دہشت گرد عناصر کے ساتھ کوء رعایت نہیں برتی جانی چاہیئے۔ دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ کر کے ملک میں امن و امان کے قیام کو یقینی بنانا ہوگا۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ پوری قوم کی جنگ ہے۔ کے پی کے اور بلوچستان میں امن و امان کے قیام کے لیے حکومت کو ٹھوس اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔

☆☆☆☆

مصنوعی ذہانت کے دور میں پاکستانی صحافت: رپورٹ بھی، دھوکہ بھی



تحریر: نوید ترین

دسمبر 2025 میں پاکستان کی صحافت میں ایک غیر معمولی واقعہ پیش آیا۔ امر گوریرو چھبیس سالہ تجربے کے حامل سینئر صحافی نے مین اسٹریم میڈیا کو خیر باد کہہ دیا۔ ان کی شکایت دو ٹوک تھی: بہت زیادہ سنسر شپ، بہت کم صحافت۔ انہوں نے جو نیا ادارہ بنایا وہ اس سے بھی زیادہ جرات مندانہ تھا: ساگا ڈیجیٹل اے آئی پاکستان کا پہلا اے آئی سے چلنے والا نیوز آؤٹ لیٹ۔ پانچ افراد، باون سافٹ ویئر، سات ممالک میں ساٹھ رپورٹرز اور گوریرو کے بقول چالیس فیصد اے آئی اور ساٹھ فیصد انسانی مواد۔ یہی پاکستانی صحافت کے اے آئی دور کا بنیادی تضاد ہے۔ وہی ٹیکنالوجی جو پریس کو مالی اور سیاسی دباؤ سے آزاد کرنے کا وعدہ کرتی ہے، وہی ملک کی معلوماتی فضا کو مصنوعی جھوٹ سے بھر رہی ہے۔ پاکستان کے نیوز رومز ایک طرف بقا کے لیے اے آئی اپنا رہے ہیں، دوسری طرف اسی اے آئی سے پھیلنے والی غلط معلومات میں ڈوب رہے ہیں۔ اپنانے کا عمل تیز ہے۔ جون 2025 میں میڈیا میٹرز فار ڈیموکریسی نے صحافت ڈاٹ اے آئی کے نام سے ایک پروگرام شروع کیا تاکہ پاکستان کے تین بڑے نیوز رومز میں اے آئی کو شامل کیا جا سکے۔ صحافی سمٹ 2025 میں صحافت کے لیے اخلاقی اے آئی معیارات متعارف کرائے گئے۔ سماء ڈیجیٹل نے پاکستان کا پہلا اے آئی اسسٹڈ نیوز روم ماڈل پیش کیا اے آئی وائس اوور، خودکار خلاصے اور ورچوئل اینکرز، سب انسانی ادارتی نگرانی میں۔ 2025 کے آخر تک یورپی یونین اور یونیسکو کے تعاون سے نیوز رومز کے لیے اے آئی رہنما اصول بھی تیار ہو گئے۔ پی ایف یو جے نے بھی صحافیوں کی اے آئی ٹریننگ کا پروگرام شروع کیا۔ منطق سمجھ میں آتی ہے۔ پاکستانی میڈیا برسوں سے مالی بحران کا شکار ہے اشتہارات کم، ملازمتیں ختم، دفاتر بند۔ اے آئی کم وسائل میں زیادہ کام کا راستہ دیتی ہے: انٹرویو کی نقل منٹوں میں، ترجمہ، رجحانات کی نگرانی، خلاصے۔ مگر سوال اب یہ نہیں کہ اے آئی نیوز روم میں ہونی چاہیے یا نہیں سوال یہ ہے کہ کیا نیوز رومز اس پر حد سے زیادہ انحصار کرنے لگے ہیں؟ کیونکہ جملہ یہ تھا: جب اصلی ویڈیو کو بھی جعلی کہہ کر مسترد کیا جا سکے تو احتساب مشکل ہو جاتا ہے۔ یہی جھوٹوں کا منافع ہے ڈیپ فیک کے وجود ہی سے ہر بے نقاب مجرم کو تیار بہانہ مل جاتا ہے: یہ میں نہیں تھا، یہ اے آئی تھی۔ صحافت کے لیے جس کی کرنسی ہی قابل تصدیق سچ ہے یہ وجودی خطرہ ہے۔ پاکستانی صحافیوں کو دوہرا امتحان درپیش ہے۔ مسابقت اور مالی بقا کے لیے اے آئی سیکھنا لازم ہے، اور ساتھ ہی معلوماتی فضا کا دفاع بھی کرنا ہے۔ رفتار بمقابلہ تصدیق۔ خودکاری بمقابلہ اعتماد۔ اس صورتحال سے نکلنے کے لیے تین تبدیلیاں ضروری ہیں۔ پہلی: اے آئی پالیسیاں شفاف اور پابند بنائی جائیں۔ صحافی سمٹ کے اخلاقی معیارات اچھی بنیاد ہیں، مگر کاغذی رہنما اصول کچھ نہیں کرتے۔ ہر ادارے کو بتانا چاہیے کہ کون سا مواد اے آئی سے مدد یافتہ ہے اور کون سا مکمل اے آئی کا تخلیق کردہ۔ شفافیت ہی جھوٹوں کے منافع کا واحد علاج ہے۔ دوسری: تصدیق کو بنیادی ڈھانچہ بنایا جائے۔ ڈیپ فیک کی شناخت، ذرائع کی توثیق اور ڈیجیٹل فرانزک اب ہر نیوز روم کی لازمی مہارت ہونی چاہیے۔ تیسری: زبان کا فرق ختم کیا جائے۔ آج کے اے آئی ماڈل انگریزی اردو سے کہیں بہتر سمجھتے ہیں حالانکہ پاکستان میں زیادہ تر خبریں اردو میں پڑھی جاتی ہیں۔ اردو لینگویج پروسیسنگ میں سرمایہ کاری تکنیکی عیاشی نہیں، جمہوری ضرورت ہے۔ گوریرو نے مین اسٹریم میڈیا اس شکایت کے ساتھ چھوڑا کہ وہاں سنسر شپ زیادہ اور صحافت کم ہے۔ ان کا اے آئی نیوز روم اس امید پر قائم ہے کہ ٹیکنالوجی دباؤ کے راستے نکال سکتی ہے۔ شاید ایسا ہو۔ مگر یہ ٹیکنالوجی ہی ہے جس نے دھند بھی بنائی ہے۔ پاکستانی صحافت کا اے آئی تضاد صرف بہتر سافٹ ویئر سے حل نہیں ہوگا۔ یہ تب حل ہوگا جب نیوز رومز تصدیق کو اپنی مصنوعات سمجھیں گے نہ کہ صرف ایک مرحلہ اور جب قارئین ایک نظر میں پہچان سکیں گے کہ کیا اصلی ہے۔ تب تک مشین رپورٹ بھی کرتی رہے گی۔ اور دھوکہ بھی دیتی رہے گی۔ مصنف چھ سالہ تجربے کے حامل میڈیا پروفیشنل اور اے آئی آپریٹر ہیں۔ صحافت، کالم نگاری، ویڈیو پروڈکشن، ڈیجیٹل مارکیٹنگ اور تعلقات عامہ کے شعبوں میں کام کر چکے ہیں۔ بہر یہ یونیورسٹی اسلام آباد سے میڈیا اسٹڈیز میں بی ایس کی ڈگری حاصل کی۔

چیئرمین شپ

وزیرِ خزانہ محمد اورنگزیب نے بوروز پلیٹ فارم کی چیئرمین شپ سنبھال لی۔ وفاقی وزیرِ خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے بنکاک میں عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 کے موقع پر پاکستان کی جانب سے بوروز پلیٹ فارم کی گورننگ کونسل کی چیئرمین شپ سنبھالی۔ وزیرِ خزانہ نے پلیٹ فارم کو فعال بنانے میں مصر کی قیادت اور رکن ممالک اور سیکریٹریٹ کی کاوشوں کو سراہا، وزیرِ خزانہ نے کہا بوروز پلیٹ فارم کا مقصد باہمی تجربات سے سیکھنے اور تکنیکی تعاون کو فروغ دینا ہے، نہ کہ اجتماعی سودے بازی کا فورم بننا، وزیرِ خزانہ نے 2026-27 کے عملی منصوبے کے تحت پاکستان کی ترجیحات بیان کیں۔ وزیرِ خزانہ نے قرض کے انتظام کے طریقہ کار کو مضبوط بنانا، اصلاحات کے تجربات کا تبادلہ اور ترقیاتی مالیات کے لیے جدید ذرائع تلاش کرنے پر زور دیتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان عملی اقدامات کے نفاذ اور قابلِ پیمائش نتائج کے حصول کے لیے پرعزم ہے۔ وزیرِ خزانہ نے کہا قرض ترقی کا ذریعہ ہونا چاہیے، نہ کہ اس کی راہ میں رکاوٹ ہے۔ اختتامی کلمات میں وزیرِ خزانہ نے پلیٹ فارم کی ادارہ جاتی بنیادوں، انتظامی ڈھانچے اور مشترکہ عملی پروگرام کی تشکیل میں تیز رفتار پیش رفت کا خیر مقدم کیا، ممکنہ رکن ممالک کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کو بھی سراہا۔

01 ٹان تھانے کی حدود میں قائم پولیس ناکے پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے میں 1 پولیس کانسٹیبل شہید جبکہ 1 اہلکار اور 2 راہگیروں سمیت 4 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ ترجمان کوئٹہ پولیس کے مطابق سیٹلائٹ ٹان تھانہ کے علاقے میں معمول کے پولیس ناکے کے دوران اہلکاروں نے ایک مشکوک گاڑی کو رکنے کا اشارہ کیا۔ تاہم گاڑی میں سوار ملزمان نے رکنے کے بجائے پولیس پارٹی پر سیدھا فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش کی۔ ملزمان کی اندھا دھند فائرنگ کے نتیجے میں کانسٹیبل نعمان موقع پر ہی شہید ہو گئے، جبکہ کانسٹیبل جنید اور کانسٹیبل خالد شدید زخمی ہو گئے۔ اس کے علاوہ فائرنگ کی زد میں آ کر 2 بے گناہ راہگیر عطا محمد اور حارث بھی زخمی ہوئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر شہید اور تمام زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے سول ہسپتال وڈاما سینٹر منتقل کر دیا۔ ترجمان نے بتایا کہ زخمی کانسٹیبل خالد کی حالت تشویشناک ہے اور وہ آپریشن تھیٹر میں زیرِ علاج ہیں۔ پی آر او ٹو ڈی آئی جی کوئٹہ شہباز اقبال کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق واقعے کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کے فوراً بعد پولیس کی بھاری نفری نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ناکہ بندی کر دی ہے اور فرار ملزمان کی جلد گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر تلاشی اور چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

02 اب کسی کو بھی زبانی کلامی آف لوڈنہیں کیا جا سکے گا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق 2005 کا اسٹینڈنگ آرڈر منسوخ کرتے ہوئے اسٹینڈنگ آرڈر نمبر 07/2026 فوری طور پر نافذ العمل ہوگا اور وقتاً فوقتاً اس کا جائزہ لیا جائے گا۔ نئے اسٹینڈنگ آرڈر نے ایمیگریشن افسران کے جاب ڈسکرپشن سے متعلق عمومی ذمہ داریوں سے متعلق سابقہ ہدایات بھی اس حد تک ختم کر دی ہیں جہاں وہ نئے اسٹینڈنگ آرڈر سے متصادم ہوں۔ دستاویز کے مندرجات سے واضح ہوتا ہے کہ نئے نظام میں ایمیگریشن فیصلوں کو زبانی کارروائی کے بجائے باقاعدہ ڈیجیٹل ریکارڈ، تحریری فیصلے، رسک میٹر جانچ، افسری ذمہ داری اور IBMS میں مکمل ریکارڈنگ سے منسلک کیا گیا ہے۔

03 جنرل پولیس گلگت بلتستان ڈاکٹر اکبر ناصر خان کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تحفظ کو مزید موثر بنانے کیلئے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں نان سی پیک منصوبوں، کاروباری سرگرمیوں اور کان کنی کے مقامات پر سکیورٹی انتظامات مزید سخت کرنے کی ہدایت کی گئی، اس کے علاوہ غیر ملکی شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے سکیورٹی آڈٹ اور خطرات کا جائزہ (تھریٹ اسیسمنٹ) لازمی طور پر مکمل کرنے پر زور دیا گیا۔ آئی جی پولیس نے چیک پوسٹوں پر نگرانی سخت کرنے اور چیکنگ کا ڈسٹرکٹ ریزرم اتھارٹی (ڈیکا) کے ضوابط پر مکمل عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی، اجلاس میں غیر ملکی شہریوں کی نقل و حرکت کے حوالے سے پیشگی اطلاع دینا بھی لازمی قرار دیا گیا۔ حکام کو ہدایت کی گئی کہ سکیورٹی سے متعلق تمام قانونی تقاضوں اور طے شدہ شرائط پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، جبکہ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ این او سی منسوخ کرنے سمیت ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے۔ آئی جی گلگت بلتستان ڈاکٹر اکبر ناصر خان نے واضح کیا کہ غیر ملکی شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

04 تو ایک دن انہیں خود بھی اسے بھگتنا پڑے گا، پاکستان دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہے، بھارت پاکستان میں دہشت گردی کی پشت پناہی میں ملوث ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں خیبر پختونخوا کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

05 پختونخوا نے دہشت گردی کا بھاری بوجھ برداشت کیا ہے اور وہاں سکیورٹی فورسز اور عام شہریوں نے بے مثال قربانیاں پیش کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے سنگین حالات میں محاذ آرائی کے بجائے باہمی تعاون کو ترجیح دی جانی چاہیے تھی۔

06 میں کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ گرفتاریاں شیدہ اڈہ، یار حسین، رزڑ، صوابی خاص، ٹوپی، لاہور، گدون اور ضلع کے دیگر علاقوں میں کی گئی ہیں۔ حراست میں لیے گئے افراد میں پی ٹی آئی کے کئی مقامی عہدیداران اور متحرک کارکن بھی شامل ہیں، جنہیں مختلف مقامات سے کارروائیوں کے دوران گرفتار کیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق گرفتار افراد کو لانگ مارچ کی تیاریوں اور امن و امان میں خلل پڑنے کے خدشے کے پیش نظر حراست میں لیا گیا ہے۔ دوسری جانب ضلع بھر میں پولیس کی بھاری نفری تعینات کر دی گئی ہے، جبکہ حکام کی جانب سے مزید گرفتاریوں کا امکان بھی ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ادھر، پولیس نے پی ٹی آئی ضلع مردان کے 85 کارکن گرفتار کر لیے جبکہ دیگر عہدیداروں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

07 ہوئے ہیں، افغان رجیم صرف ظلم و بربریت پر یقین رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسداد دہشت گردی کے بدلتے ہوئے منظر نامے پر اسلام آباد میں منعقدہ ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ دہشت گردی ایک ایسا مسئلہ ہے جس کا نہیں آج سامنا ہے، پاکستان دہشت گردی کی جنگ میں 100 ارب ڈالر کا معاشی نقصان اٹھا چکا ہے، ہمیں انتہا پسندی کا بھی سامنا ہے۔ عطا اللہ تارڑ کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان نے سب سے زیادہ قربانیاں دیں، پاکستان نے دہشت گردی کیخلاف جنگ لڑ کر دنیا کو محفوظ بنایا، انہوں نے کہا کہ افغان مہاجرین نے ہماری مہمان نوازی اور محبت کی دنیا گواہ ہے، پاکستان نے 10 سال تک 40 لاکھ افغان مہاجرین کی میزبانی کی، افغان رجیم صرف ظلم و بربریت پر یقین رکھتی ہے، پرامن اور مستحکم افغانستان خطے کے مفاد میں ہے۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان مختلف بین الاقوامی اور سفارتی فورمز پر افغان حکومت سے مطالبہ کرتا رہا ہے کہ وہ اپنی سرزمین شدت پسندوں کو استعمال نہ کرنے دے۔ وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ شدت پسند افغان سرزمین پر محفوظ ٹھکانوں میں مقیم ہیں اور وہاں مختلف نوعیت کی تربیت حاصل کر رہے ہیں۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان افغانستان میں انتہا پسندی اور شدت پسندی کے خاتمے کا خواہاں ہے اور خطے میں امن و استحکام کے لیے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔

08 کرنے اور عوامی فلاحی امور پر توجہ دینے کا عزم ظاہر کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق یہ اہم فیصلے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی زیر صدارت منعقدہ صوبائی ایپکس کمیٹی کے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں کیے گئے، اجلاس میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، کور کمانڈر پشاور اور دیگر اعلیٰ سول و عسکری حکام نے شرکت کی، جہاں صوبے کی مجموعی سکیورٹی اور انتظامی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران شرکا نے اس بات پر اتفاق کیا کہ صوبے سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں کا سلسلہ بلا تعطل جاری رکھا جائے گا، ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں سکیورٹی اداروں کی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے بھی اہم منظوری دی گئی، پولیس اور محکمہ انسداد دہشت گردی کی پیشہ ورانہ استعداد کار کو بڑھانے کے لیے انہیں جدید ترین آلات، اسلحہ اور تمام ضروری وسائل فوری طور پر فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس کے علاوہ اجلاس میں صرف سکیورٹی اقدامات تک محدود نہ رہنے کا فیصلہ کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا گیا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو درپیش بنیادی مسائل مثلاً تعلیم، صحت اور معیار زندگی کی بہتری پر بھی بھرپور توجہ دی جائے گی، کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ صوبے کے پسماندہ اور دہشت گردی سے متاثرہ علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی تاکہ پائیدار امن اور ترقی کے اہداف حاصل کیے جا سکیں۔

09 راستہ اختیار کیا، تاہم تمام کوششیں رائیگاں گئیں۔ سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے واضح کیا کہ خیبر پختونخوا نے دہشت گردی کا بھاری بوجھ برداشت کیا ہے اور وہاں سکیورٹی فورسز اور عام شہریوں نے بے مثال قربانیاں پیش کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے سنگین حالات میں محاذ آرائی کے بجائے باہمی تعاون کو ترجیح دی جانی چاہیے تھی۔

10 کی شعبے کی ترقی، انسانی سرمائے کے فروغ اور معاشی استحکام کیلئے تقریباً 3.2 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے۔ عالمی سطح پر بھی ادارے کی کارکردگی میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا ہے، جہاں نجی سرمایہ کاری چار سالوں میں 35 ارب ڈالر سے بڑھ کر مالی سال 2026 میں 112 ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔ پاکستان میں توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے اور سستی بجلی کی فراہمی کے لئے داسو پن بجلی منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے۔ اس اہم منصوبے کے لئے عالمی بینک کی جانب سے 58 کروڑ ڈالر فراہم کئے گئے ہیں جبکہ بینک کی 46 کروڑ ڈالر کی ضمانت نے مزید سرمایہ کاری حاصل کرنے میں بڑی مدد دی ہے۔ اس کے علاوہ بین الاقوامی قرض دہندگان نے اس منصوبے کیلئے 33.80 کروڑ ڈالر فراہم کیے ہیں اور ملکی بینکوں کے کنسورشیم کے ذریعے 144 ارب روپے حاصل کئے گئے ہیں۔ داسو پن بجلی منصوبے کے پہلے مرحلے کی تکمیل سے ملک میں 2160 میگاواٹ سستی اور ماحول دوست بجلی پیدا ہوگی۔ ماحولیاتی بہتری، آلودگی کے خاتمے اور پائیدار ترقی کے فروغ کیلئے پنجاب گرین ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت بھی اہم کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں۔ اس پروگرام کے تحت مجموعی طور پر 102.7 ملین ڈالر کی ماحول دوست سرمایہ کاری کی گئی ہے جس میں 52.7 ملین ڈالر کی نجی سرمایہ کاری بھی شامل ہے۔ اس اقدام کے ذریعے 98 چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کو ماحول دوست ٹیکنالوجی فراہم کی گئی ہے، جبکہ پروگرام کی بدولت 653 کیکر و کاروباری اداروں کو صاف ستھری ٹیکنالوجی اپنانے میں مدد ملی ہے۔ ان تمام ماحول دوست سرگرمیوں کے نتیجے میں تقریباً 1600 نئے روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوئے ہیں۔ عالمی بینک نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ وہ پاکستان میں معاشی استحکام، نجی شعبے کی ترقی اور انسانی سرمائے کی بہتری کے لیے اپنی کوششیں آئندہ بھی جاری رکھے گا۔

11 پائلٹ کیپٹن عبدالصمد شامل ہیں۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد اور زیر تربیت پائلٹ کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے رنج و غم اور دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہید ہونے والے دونوں پائلٹس کے لواحقین اور اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں پائلٹس کی شہادت ایک عظیم قومی نقصان ہے، اور دکھ کی اس مشکل گھڑی میں وہ سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

12 مینڈیٹ سے قائم ہونے والی حکومت کا متبادل کوئی راج نہیں ہے۔ شوکت یوسف زئی نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ نون نے عوام کے مینڈیٹ کو ہلڈوز کیا ہے۔ حکومت نے مولانا فضل الرحمن کے ساتھ کمٹمنٹ کر کے دھوکا دیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تحریک انصاف نے ہمیشہ دہشت گردی کی مذمت کی ہے، ہم اپنے آئینی و قانونی جائز حقوق کیلئے پرامن سیاسی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ پی ٹی آئی رہنما نے مطالبہ کیا کہ حکومت وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی اور صوبائی صدر جنید اکبر سمیت تمام گرفتار رہنماؤں اور کارکنوں کو فوری رہا کرے۔ موجودہ کشیدگی کے دوران مذاکرات کے ذریعے معاملات طے ہو سکتے تھے، لیکن حکومت نے اس ضمن میں انتہائی جلد بازی کا مظاہرہ کیا ہے۔

13 تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 کے موقع پر ہونے والی ملاقات میں پاکستان میں معاشی استحکام کیلئے ہونے والی پیش رفت کو سراہا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ سیمنٹ، پولٹری اور ٹائرز کے شعبے میں آلات کی خریداری 15 اکتوبر جبکہ چائے، گھریلو الیکٹرانکس، چمڑے، کاغذ و بورڈ اور تیل و گھی کیلئے 30 اکتوبر تک خریداری مکمل کر لی جائے گی۔ اس طرح ان تمام پیداواری شعبوں میں نگرانی کا نظام کو رواں برس 31 دسمبر تک مکمل فعال کر دیا جائے گا۔

14 سعودی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ کے درمیان رابطے میں ایران کی حمایت یافتہ حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی ہوائی اڈوں پر حالیہ حملوں کے بعد پیدا ہونے والی علاقائی کشیدگی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ رابطہ ایسے وقت میں ہوا ہے جب خلیجی خطے کی سیکورٹی صورت حال کشیدہ ہے اور ریاض ایئرپورٹ پر حملے کے بعد امریکا اور ایران کے درمیان تناؤ بھی بڑھ گیا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ٹیلیگرام پر اپنے پیغام میں کہا کہ گفتگو کے دوران انہوں نے سیاسی حل کو نظر انداز کر کے فوجی راستہ اختیار کرنے پر تشویش ظاہر کی۔ ان کے مطابق خطے کے بحرانوں کا کوئی فوجی حل نہیں اور تہران، سعودی عرب اور یمن کے درمیان مذاکرات شروع کرانے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کو تیار ہے۔ عراقچی نے گزشتہ ہفتے بھی کہا تھا کہ امریکا کے ساتھ جاری جنگ کا فوری حل ممکن نہیں اور تنازع ختم کرنے کے لیے عدل و انصاف پر مبنی مذاکرات ضروری ہیں۔

15 جہنم واصل کر دیا گیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق مصدقہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے سیکورٹی فورسز نے خارجی کو ہلاک کیا، علاقے میں خوارج کی موجودگی اور نقل و حرکت پر مسلسل کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشنز کے نیٹ ورک تباہ کرنے اور نقل و حرکت محدود کرنے میں موثر ثابت ہو رہے ہیں۔ سیکورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

16 کرنا باعث شرم ہے وہ پہلے اپنی ناپاک حیثیت ہمیں بتائیں کہ وہ کس طرح سے آئے ہیں ان کو کوئٹہ کے لوگوں نے فیس بک پر اچھے جملوں سے نوازا جو ہے کہ اس کے حقدار تھے تحریک انصاف پاکستان کی سلیت بیحتی پر یقین رکھتی ہے ہمارا لیڈر عمران خان ہے ہم سب کو عوامی عدالت میں سزا دیں گے۔

17 معمولات زندگی سخت متاثر ہیں۔ علاقے کے غیور عوام نے شدید احتجاج کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد اور کیسکو (QESCO) کے اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ فیض آباد فیڈر پر بجلی کی اس غیر معقول بندش کا فوری نوٹس لیا جائے اور تکنیکی خرابی کو دور کر کے بجلی کی بحالی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو درپیش شدید مشکلات و پریشانی کا ازالہ ہو سکے۔

18 جاتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے شہید بینظیر بھٹو کی قربانی دی عوامی نیشنل پارٹی اپنی لیڈر شپ کی قربانی دی ہے انہوں نے بلوچستان کو خیر پختونخوا کے ساتھ جوڑنے کی بات چل رہی ہے بلوچستان حکومت وفاقی حکومت کے ساتھ مل کر دہشت گردی کے خاتمے کے مصروف عمل ہے خیبر پختونخوا میں بدامنی کی وجہ سے ایمرجنسی نہیں لگی بلکہ دہشتگردی کے خاتمے میں تعاون نہ کرنے پر لگایا گیا۔

19 کو بھی عہدوں سے ہٹا دیا گیا۔ ایڈووکیٹ جنرل آفس کے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل شاہ فیصل الیاس نے صوبے میں گورنر راج اور ایمرجنسی لگائے جانے کے اقدام پر تحفظات کا اظہار کرتے ہو

درستگی نام

میرا اصل نام مہر ریان سرفراز دلمد مہر سرفراز ہے، جبکہ بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ کے جاری کردہ رزلٹ کارڈ میں غلطی سے میرا نام Sarfaraz Rayan درج کیا گیا ہے، جو درست نہیں ہے۔ لہٰذا میرا نام Sarfaraz Rayan Muhammad کیا جائے۔ لہٰذا نام کی درستگی کے لیے ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے۔

(01) ترقی کے بے پناہ صلاحیت موجود ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت سمیڈا کے اجلاس منعقد ہوا، جس میں ادارے میں جاری اصلاحات، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ اور کاروباری افراد کو مالی معاونت کی فراہمی کے لیے اقدامات پر غور کیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سمیڈا میں جاری اصلاحات کا بنیادی مقصد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ اور کاروباری افراد کو مالی معاونت کی فراہمی کے لیے اقدامات یقینی بنانا اور کاروبار کے آسان قیام اور توسیع کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ایس ایم ای شعبے کی ترقی سے نہ صرف ملکی معیشت مضبوط ہوگی بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ وزیراعظم کو پسماندہ علاقوں کی ترقی کو خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا تھا کہ ان علاقوں کو ترقی کے دھارے میں لانے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سمیڈا میں جاری اصلاحات کو بلاتاخیر منطقی انجام تک پہنچایا جائے۔ وزیراعظم کو ایس ایم ای شعبے کی ترقی کے لیے اقدامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ سمیڈا میں جاری اصلاحات کا بنیادی مقصد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ اور کاروباری افراد کو مالی معاونت کی فراہمی کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ایس ایم ای شعبے کی ترقی سے نہ صرف ملکی معیشت مضبوط ہوگی بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ وزیراعظم نے پسماندہ علاقوں کی ترقی کو خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا تھا کہ ان علاقوں کو ترقی کے دھارے میں لانے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سمیڈا میں جاری اصلاحات کو بلاتاخیر منطقی انجام تک پہنچایا جائے۔ وزیراعظم کو ایس ایم ای شعبے کی ترقی کے لیے اقدامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

(02) ہے کہ اگر جمعیت کی سیاست مثبتی پر پیغامات اور میڈیا ٹرائل سے ہے نیاز ہے، جمہوریت، اس اور اس کے اداروں کے لیے قربانیاں تاریخ کا سنہرا باب ہیں۔ جماعت نے ہمیشہ آئین، جمہوری اقدار، عوامی حقوق اور عوامی امنگوں کے لیے اصولی سیاست راستہ اختیار کیا اور ہر مشکل دور میں اپنے منشور پر ثابت قدم رہتے ہوئے عوام کی ترجمانی کی ہے۔ جماعت کا ہر کارکن اس بات پر فخر محسوس کرتا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کسی بھی شعبے کو مثبتی بنیاد الزامات اور میڈیا ٹرائل سے مرعوب ہونے والی جماعت نہیں، بلکہ بصیرت، سنجیدگی، سیاسی شعور اور زمینی حقائق کی بنیاد پر پالیسی مرتب کرنے والی جماعت ہے۔ جماعت کی سیاست کا بنیادی مقصد اقتدار کا حصول نہیں بلکہ عوام کے مسائل کا تحفظ، جمہوری نظام کا استحکام، امن و امان کا قیام اور معاشرے میں انصاف و مساوات کی فراہمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ ایسی اختلافات کو جمہوری دائرے میں رہتے ہوئے برداشت کیا اور ملک میں امن کی آئین و قانون کی بالادستی کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے، اسی لیے جماعت کے ساتھی مثبتی پر پیغامات اور میڈیا ٹرائل سے مرعوب ہونے والی جماعت نہیں بلکہ عوام کے مسائل کے حل کے لیے اپنا سیاسی و جمہوری کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت کی قیادت اور کارکن تمام تر مشکلات کے باوجود ہمیشہ جدید جمہوری نظام اور سیاسی استقامت کے ساتھ اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے اور بلوچستان کے عوام کے حقوق، صوبے کی ترقی اور حقیقی جمہوری استحکام کے لیے پرخلوص جدوجہد کرتے رہیں گے۔

(03) ہے کہ ان کارکنوں کے مطابق فیصلہ کرنے کی ہدایت کی جلسے عام علی مظہر، جنس سرت ہالی اور جنس شاہد بلال حسین پر مشتمل بینچ نے کوئٹہ سے تبدیل کیا ہے۔ بینچ نے 9 جون 2026 کو عدنیاری سے متعلق ظفر علی کی درخواستوں پر فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے تفصیلی تحریری فیصلے میں کہا کہ ہائی کورٹ بلوچستان کے سب ایجیکٹری 2015 کی سنیاری لسٹ میں 2020 کے دوران تبدیلی کرتے وقت متاثرہ افسران کو سماعت کا موقع نہیں دیا گیا جو اصول سماعت، قانونی و دستاویز پر انصاف کے بنیادی تقاضوں کے منافی ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ سنہ ہائی کورٹ کے فیصلے کو 2020 کے سنیاری لسٹ کو 2015 کی سنیاری لسٹ میں تبدیل کرتے وقت متاثرہ افسران کو سماعت کا موقع نہیں دیا گیا جو اصول سماعت، قانونی و دستاویز پر انصاف کے بنیادی تقاضوں کے منافی ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ سنہ ہائی کورٹ کے فیصلے کو 2020 کے

کوئٹہ میں پرائیویٹ سکولوں میں چھٹیوں کی فیس پر پابندی

باضابطہ نوٹیفکیشن جاری، ڈی سی میئر احمد درانی کی مسلمہ آمد تقریب بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (بی این ایم) کوئٹہ میں ڈپٹی کمشنر ایسٹ نے نجی سکولز میں چھٹیوں کی فیس وصولی پر پابندی عائد کردی گئی۔ بلوچستان بائیکاٹ کے فیصلے کی روشنی میں باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا، ڈی سی میئر احمد درانی نے اسکولز کو واضح فیصلے پر مسلمہ آمد تقریب بنانے کی ہدایت کردی۔ چھٹیوں (باقی صفحہ 3 نمبر7)

سعادت اللہ خان بازئی نے صوبائی محتسب بلوچستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا

صوبائی محتسب شہریوں کی شکایات کے ازالے اور سرکاری بے ضابطگیوں کی نشاندہی کرے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (بی این ایم) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے سابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سعادت اللہ خان بازئی سے صوبائی محتسب بلوچستان کے عہدے کا حلف لے لیا۔ اس سلسلے میں گورنر ہاس کوئٹہ میں حلف برداری کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں صوبائی مشیر قبائلی امور ٹرانسپورٹ و شاہراہ، رکن بلوچستان اسمبلی نعیم خان بازئی اور ایڈووکیٹ جنرل عبداللطیف کاکڑ نے شرکت کی۔ تقریب سے (باقی صفحہ 8 نمبر2)



کوئٹہ: گورنر جعفر خان مندوخیل سے ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان عبداللہ لطیف خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

کے پی کے میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا فیصلہ درست ہے: صوبائی وزراء

دہشت گردی کے سامنے ریاست آنکھیں بند نہیں رکھ سکتی، طالبان پناہ گاہیں ختم کریں، محمود خان اچکزئی

کوئٹہ (بی این ایم) سابق وزیراعظم و سربراہ پاکستان پختونخوا عوام موومنٹ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے سامنے ریاست آنکھیں بند نہیں رکھ سکتی، طالبان پناہ گاہیں ختم کریں، محمود خان اچکزئی کی ایمرجنسی اور گورنر راج کے فیصلے کی حمایت کرتے ہیں۔ صوبائی وزراء کی دہشت گردی کے خلاف